© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ یہودیت وعیسائیت مخالف موادکوشامل نصاب کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔اگر شامل ہےتواسےتبدیل کردیں گے۔ (وفاقی وزیرتعلیم جاوید اشرف قاضی)
- ● قرآن مجید سے نکالنا ہمارے بس میں نہیں ورنہ وہاں بھی نہ رہنے دیتے۔
- ❑ قرآن کوغلطیوں سے پاک نہیں‘محض تاریخی دستاویز سمجھا جائے۔(سلمان رشدی)
- ● رات کے تاریک سناٹے کی پیداوار لوگ پینا پلانا،ہنہنانا،منمنانا چھوڑ دیں
- ❑ غیرملکی دینی طلباءکوملک بدر کردیا جائے گا۔آئندہ ویزہ نہیں دیں گے۔(صدر پرویز)
- ● سکولوں اور کالجوں میں تو لکھا ہوا ہے کہ ’’علم حاصل کرو چاہےتمہیں چین جانا پڑے‘‘۔
- ❑ پاکستان ایسا کن ٹوٹا پہلوان ہے جسے ہرواردات کے بعد تھانے طلب کیا جاتا ہے۔تھانیدار کو یقین ہوتا ہے کہ یہ کن ٹوٹا واردات میں ملوث نہیں تب بھی اسے یہ ضرور پتا ہوگا کہ واردات کس نے کی ہے۔(بی بی سی)
- ● بلاتبصرہ!
- ❑ کابینہ میں مزید خواتین کوشامل کرنے پرغور کررہے ہیں۔(وزیراعظم شوکت عزیز)
- ● مختار مائی کووزیرامورانسانی حقوق بنادیا جائے۔
- ❑ تین مرتبہ مُلا عمر سے ملا۔بتوں کو نہ توڑنے کا مطالبہ کیا۔(معین حیدر)
- ● ملاعمر کی آخرت کی کامیابی کے لیےمعین حیدر کی گواہی کافی ہے۔
- ❑ انتہاپسندی،دہشت گردی اورعسکریت پسندی‘افغان جہاد کانتیجہ ہے۔(مشاہد حسین)
- ● اورافغان جہاد......؟
- ❑ کلچراور مذہب کوملانے والوں کواُن کے خیالات مبارک!ہم خوشیاں مناتے رہیں گے۔(صدر پرویز)
- ● مگرعلامہ اقبالؒ تو کہتے ہیں:

جلال بادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو
جدا ہودیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

- ❑ کتاب ’’شیطان مولوی‘‘ کے مصنف محمد یونس شیخ کوعمرقید کی سزااورایک لاکھ روپے جرمانہ۔(ایک خبر)
- ● ایسے ہی شیخ کے بارے میں شاعر نے کہا ہے:

شیخ اور شیطان کا رتبہ ایک ہے
شیخ سے شیطان قدرے نیک ہے

© rasailojaraid.com